سوال نمبر: 10735

منجانب: نعیمہ کشور خان صاحبہ ایم پی اے

کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

| نمبر شمار | سوال | جواب |
| --- | --- | --- |
| (الف) | حکومت صوبے کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک کرنے کیلئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟ | ادارہ تحفظ ماحولیات کی مرکزی دفتر پشاور اور علاقائی دفاتر ڈیرہ اسماعیل خان، ایبٹ آباد، سوات نے پچھلے ایک سال کے دوران ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کیلئے مجموعی طور پر گیارہ سو آٹھ (1108) انسپکشن کیے۔<br>ادارہ تحفظ ماحولیات نے مجموعی طور پر تین ہزار تین سو تیئیس (3323) استغاثہ جات ماحولیاتی عدالت (Environmental Protection Tribunal) میں جمع کروائے۔<br>عدالت نے سولہ سو اکسٹھ (1661) استغاثہ جات میں چھ کروڑ روپے (60,000,000) کے جرمانے لگائے۔<br>اس کے علاوہ سٹون کرشر کے لئے SOP's بھی بنائے گئے جن پر عمل درامد کرایا جا رہا ہے۔<br>موجودہ بھٹہ خشت ڈیڑھ سو سالہ پرانے ماڈل پر چل رہے ہیں۔<br>ان بھٹہ خشت میں جدت لانے کیلئے محکمہ ماحولیات نے نیا ماڈل zig zag کے نام سے متعارف کرانے کیلئے ایک پراجکٹ منظور کیا ہے۔ جس کے تحت دو بھٹہ خشت کو شراکت داری کی بنیاد پر تعمیر کیا جائے گا۔<br>یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اب تک ایک سو پچاس (150) بھٹہ خشت کو zig Zag ماڈل میں تبدیل کرنے کیلئے نوٹس جاری کیے جا چکے ہیں ۔ اور اس بابت کام جاری ہے۔<br><br>حکومت نے صوبہ خیبر پختونخواہ کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک کرنے کے لیے حال ہی میں ایک ارب پودے کا منصوبہ کامیابی سے پایا تکمیل تک پہنچایا ہے اور سال سے ٹن بلین ٹری سونامی منصوبے کے تحت بڑے پیمانے پر شجر کاری 2019 کر رہی ہے، جس کے تحت اب تک کروڑوں کی تعداد میں پودے اُگائے اور لگائے گئے ہیں اور مزید شجر کاری انتہائی تیزی کے ساتھ صوبہ خیبر پختونخواہ میں مزید چار سال میں ایک ارب پودے 2023 تک پیدا کرنے اور لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ جس کی تکمیل کا معیاد مقرر ہے۔ |

Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| (ب) | بلین ٹری منصوبے کا کریڈٹ مرکزی حکومت حاصل کر رہی ہے یا صوبائی حکومت کو اعتماد میں لیا گیا ہے؟ | ٹن بلین ٹری منصوبہ خیبر پختونخواہ حکومت اور وفاقی حکومت کے باہمی اشتراک سے صوبہ خیبر پختونخواہ میں جاری ہے۔ جسکا آدھا فنڈ صوبہ خیبر پختونخواہ اور آدھا فنڈ حکومت پاکستان (وفاقی حکومت) برداشت کر رہی ہے۔<br>اس میں وقتاً فوقتاً صوبائی اور مرکزی حکومت کے درمیان باقاعدہ میٹنگز منعقد کیئے جاتے ہیں اور منصوبے کے پیش رفت کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ |
| (ج) | شاپنگ بیگز پر پابندی کیلئے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔ | حکومت خیبر پختونخواہ نے سال 2017 میں قابل تحلیل شاپنگ بیگ کیلئے قانون پاس کیا تھا۔ جس کے تحت چند مخصوص پلاسٹک کے اشیاء پر پابندی لگائی گئی تھی۔ اس قانون کے تحت تھریاسی (83) کارخانوں اور بڑی دوکانوں کے خلاف استغاثہ جات ماحولیاتی عدالت (Environmental Protection Tribunal) میں جمع کروائے گئے تھے۔<br>موجودہ حکومت نے 17 اکتوبر 2020 سے دودستہ پلاسٹک شاپنگ بیگ پر نوے دنوں کیلئے پابندی لگائی ہے۔ نوٹفکیشن نمبر۔ EPA/109/Plastic Products/2020/633-49 مورخہ 17/09/2020 لف ہے۔<br>تاہم پہلے سے مستثنیٰ پلاسٹک کے اشیاء صرف قابل تحلیل کی ہی اجازت ہوگی۔<br>مندرجہ بالا نوٹفکیشن کے تحت صوبائی دارلحکومت میں کام کرنے والے دس (10) کارخانوں کو ضابطہ کے تحت نوٹس جاری کئے گئے ہیں۔ |

Scanned with CamScanner

Environmental Protection Agency
Forestry, Environment and Wildlife Department
Government of Khyber Pakhtunkhwa

## NOTIFICATION

**Peshawar Dated the 17 September, 2020**

**No. EPA/109/Plastic Products/2020/ 633-49**: In exercise of powers conferred clause (xii) of Section 07 of Khyber Pakhtunkhwa Environmental Protection Act, 2014 (Khyber Pakhtunkhwa Act No. XXXVIII of 2014), the Khyber Pakhtunkhwa Environment Protection Agency, with the approval of Government of Khyber Pakhtunkhwa, is pleased to impose complete ban for a period of ninety (90) days throughout the Province of Khyber Pakhtunkhwa on manufacture, sale, distribution, use or import of shopping bags or carrier bags having handle or gussets and made of oxo-biodegradable plastic products except flat bags without handles or gussets and made of oxo-biodegradable plastic products used for the purposes mentioned below:-

a) industrial packing and primary industrial packing;
b) municipal waste;
c) hospital waste; and
d) hazardous waste.

This notification will be effective after 30 days from the date its issuance.

17.9.2020

**(Dr. Muhammad Bashir Khan)**
**Director General**
**Environmental Protection Agency,**
**Khyber Pakhtunkhwa.**

**Copy for information to:-**

i. Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
ii. PSO to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa.
iii. PS to Secretary. Cabinet, Khyber Pakhtunkhwa.
iv. PS to Additional Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa.
v. PS to Secretary. Establishment Department, Khyber Pakhtunkhwa.
vi. PS to Secretary, Home Department, Khyber Pakhtunkhwa.
vii. PS to Secretary. Forestry, Environment & Wildlife Department, Khyber Pakhtunkhwa.
viii. PS to Secretary. Law, Parliamentary Affairs & Human Rights Department, Khyber Pakhtunkhwa.
ix. PS to Secretary. Industries Department, Khyber Pakhtunkhwa.
x. PS to Secretary LG&RD, Khyber Pakhtunkhwa.
xi. All Commissioners, Khyber Pakhtunkhwa.
xii. All Deputy Commissioners, Khyber Pakhtunkhwa
xiii. Director, Information Department, Khyber Pakhtunkhwa with request to publish in the national dailies.
xiv. Chief Executive Officer, WSSP, Peshawar
xv. President Chamber of Commerce & Industries, Peshawar
xvi. Provincial Chief SMEDA.

**3rd Floor, (SDU) Old Courts Building, Khyber Road, Peshawar Cantt,**
**Khyber Pakhtunkhwa, Pakistan.**
**Tel: 92(91) 9239462, Fax: 92 (91) 9210280 Website://epakp.gov.pk**

Scanned with CamScanner